# بعدالت جناب الیکشن کمیشن آف پاکستان

## Representation زیر دفعہ 21(2) الیکشن ایکٹ 2017 رول نمبر 12 The Election Rules

## بابت حلقہ پی پی 29 گجرات II حلقہ پی پی 30 گجرات III حلقہ پی پی 32 گجرات V

جناب عالی!

پٹیشنرز (عذرداران) حسب ذیل عرض کرتے ہیں

1) یہ کہ عذرداران پی پی 30 گجرات III کے رائے دہندگان ہیں اور وہ یہ پٹیشن دائر کرنے کے مجاز ہیں انکے شناختی کارڈ اور انتخابی فہرست میں بطور رائے دہندہ کے اندراج کا سرٹیفکیٹ لف ہذا ہیں

2) یہ کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے جاری شدہ اور ویب سائٹ پر نظر آنے والے نقشہ جات بابت پی پی 29 پی پی 30 اور پی پی 32 کی جو حد بندی کی گئی ہے وہ حلقہ بندی کی ابتدائی نوٹیفکیشن کے مطابق نہ ہیں۔ نقشہ جات نہ صرف غلطیوں سے پر ہیں اسکی مثالیں درج ذیل ہیں

| نمبر شمار | پٹوار سرکل | آبادی | قانونگوئی حلقہ | ابتدائی حلقہ بندی کی نوٹیفکشین کے مطابق کس پی پی حلقہ میں شامل ہے | الیکشن کمیشن آف پاکستان کے مطابق جس پی پی حلقہ میں رکھا گیا ہے |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سماں | 4571 | گجرات قانونگوئی II | پی پی 29 گجرات 2 | پی پی 30 گجرات 3 |
| 2 | معین الدین پور | 8085 | گجرات قانونگوئی I | پی پی 29 گجرات 2 | پی پی 30 گجرات 3 |
| 3 | صابووال 2 | 5999 | گجرات I | پی پی 29 گجرات 2 | پی پی 30 گجرات 3 |
| 4 | رحمانیہ | 5081 | گجرات I | پی پی 29 گجرات 2 | پی پی 30 گجرات 3 |
| 5 | مراڑپور | 2696 | گجرات I | پی پی 29 گجرات 2 | پی پی 30 گجرات 3 |
| 6 | مچھیانہ | 7125 | دیونہ I | پی پی 29 گجرات 2 | پی پی 30 گجرات 3 |
| 7 | موسیٰ | 2740 | دیونہ 2 | پی پی 29 گجرات 2 | پی پی 30 گجرات 3 |
| 8 | مراڑیاں | 4769 | دیونہ I | پی پی 29 گجرات 2 | پی پی 30 گجرات 3 |
| 9 | چک محمود | 4522 | ڈنگہ 2 | پی پی 32 گجرات 5 | پی پی 30 گجرات 3 |
| 10 | چھماں | 4059 | ڈنگہ 2 | پی پی 32 گجرات 5 | پی پی 30 گجرات 3 |
| 11 | خوجہ | 5369 | ڈنگہ 2 | پی پی 32 گجرات 5 | پی پی 30 گجرات 3 |
| 12 | مغلی | 5498 | جوڑا I | پی پی 32 گجرات 5 | پی پی 30 گجرات 3 |

3) یہ کہ صوبائی اسمبلی کے تین انتخابی حلقہ جات پی پی 29 پی پی 30 اور پی پی 32 کی تشکیل میں الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 20 اور اسی ایکٹ کے تحت وضع کردہ قواعد الیکشن رولز کی صریحاً خلاف ورزی کی گئی ہے۔ Geographical Compact Areas کے مسلمہ اصول کی خلاف ورزی کی گئی ہے۔ یہ انتخابی حلقہ جات Compact form میں نہ ہیں بلکہ Contiguity of Area کے اصول کی نفی کرتے ہیں۔ یہ Odd Shape ہیں۔ ان حلقوں کے مختلف پٹوار سرکل مختلف جزیروں کی شکل میں ہیں۔ اس کی وضاحت، ثبوت اور مثالیں درج ذیل ہیں۔

(i) یہ کہ پٹوار سرکل مراڑ پور، سماں، معین الدین پور، چوکنا نوالی، پٹوار سرکل مچھیانہ، پٹوار سرکل موئیٰ اور صابو وال احلقہ بندی کی ابتدائی نوٹیفکیشن کے مطابق

پی پی 29 گجرات 2 میں شامل ہیں۔ لیکن نہ تو انکا آپس میں کوئی زمینی راستہ اور ایریا کا تسلسل ہے اور نہ ہی پی پی 29 کے باقی پٹوار سرکل Geographical Compact Areas ہے معہ سوائے پٹوار سرکل مچھیانہ اور پٹوار سرکل موئیٰ یہ پی پی 30 کا فطری حصہ ہیں جو جزیروں کی شکل میں پی پی 29 میں شامل کیے گئے ہیں۔ یہ پٹوار سرکل قدرتی اور اصولی طور پر پی پی 30 کا حصہ ہیں اور انہیں غلط طور پر پی پی 29 میں جزیروں کی شکل میں شامل کیا گیا ہے۔

4) یہ کہ پٹوار سرکل مٹوانوالہ، پٹوار سرکل وڑائچانوالہ اور پٹوار سرکل سیکر والی کو غیر قانونی طور پر پی پی 30 میں شامل کیا گیا ہے۔ اگرچہ تینوں پٹوار سرکل کا رقبہ تو آپس میں ملحقہ ہے لیکن پی پی 30 کے ان پٹوار سرکل اور بقایا پی پی 30 کے پٹوار سرکل کے درمیان پی پی 32 کے پٹوار سرکل چھماں، پٹوار سرکل خوجہ، پٹوار سرکل چک محمود اور پٹوار سرکل مغلی واقع ہیں۔ اس طرح پی پی 30 Contiguity of Area اور Compact Block کے اصولوں کے منافی تشکیل دیا گیا ہے۔ مذکورہ بالا تین پٹوار سرکل نے پی پی 30 کو Odd Shape بنا دیا ہے۔ اور یہ Gerrymandering کی بدترین شکل ہے۔

5) یہ کہ ابتدائی حلقہ بندی کی نوٹیفکشین کے مطابق پٹوار سرکل چھماں، پٹوار سرکل خوجہ، پٹوار سرکل چک محمود اور پٹوار سرکل مغلی کو پی پی 32 میں درست طور پر شامل کیا گیا ہے۔ جبکہ پی پی 30 کے پٹوار سرکل وڑائچانوالہ، پٹوار سرکل سیکر والی اور پٹوار سرکل مٹوانوالہ کو بھی غلط طور پر پی پی 30 میں شامل کیا گیا ہے۔

6) یہ کہ پی پی 29 پی پی 30 پی پی 32 کہ انتخابی حلقہ جات کی تشکیل میں الیکشن کمیشن کا ماتحت عملہ یا تو Map Reading اور قانون سے نابلد تھا یا اس نے ایسا بد نیتی سے کسی Ulterior Motive کے تحت کیا ہے۔ بد نیتی اس میں عیاں ہے کہ غلط حلقہ بندی کر کے الیکشن کمیشن کے جاری کردہ نقشہ جات انتخابی حلقوں کی حد بندی جان بوجھ کر غلط کی ہے تاکہ بظاہر ان کی بد نیتی کسی پر عیاں نہ ہو۔

7) یہ کہ پی پی 29، پی پی 30 اور پی پی 32 کا نقشہ غلط بنایا گیا ہے۔ پٹوار سرکل علی پور، سماں، چوکنا نوالی، مراڑ پور اور دیگر کئے علاقوں میں Over Laping ہے۔

## تجاویز

1) یہ کہ مذکورہ بالا خلاف قانون اور حلقہ بندی کے اصولوں سے انحراف کی درستگی کے لئے اور قانون اور حلقہ بندی کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مندرجہ ذیل تجاویز پیش ہیں۔

پٹوار سرکل سماں 4571، پٹوار سرکل معین الدین پور 8085، مراڑ پور 2696، پٹوار سرکل چوکنا نوالی 3435 اور پٹوار سرکل علی پور 5162 جن کے چاروں اطراف انتخابی حلقہ پی پی 30 کا ایریا ہے کو پی پی 30 میں شامل کیا جائے۔

مذکورہ بالا تینوں حلقوں پی پی 29 پی پی 30 اور پی پی 32 حلقہ بندی کے اصولوں کی خلاف ورزی کو دور کرنے اور انہیں قانون و قواعد کے تحت بنانے کے لئے درج ذیل تجاویز پیش ہیں۔

(7)

پی پی 29 میں جو پٹوار سرکل اسکے باقی علاقہ سے ملحقہ نہ ہیں اور جنکے اردگرد پی پی 30 کے علاقہ جات ہیں انہیں پی پی 29 سے خارج کر کے پی پی 30 میں شامل کیا جائے۔ تفصیل حسب ذیل ہے۔

| نمبرشمار | نام پٹوار سرکل | آبادی |
|---|---|---|
| 1 | پٹوار سرکل سماں | 4571 |
| 2 | پٹوار سرکل علی پور | 5162 |
| 3 | مراڑ پور | 2696 |
| 4 | پٹوار سرکل معین الدین پور | 8085 |
| 5 | پٹوار سرکل چوکنانوالی | 2651 |

ان پانچوں پٹوار سرکل کی مجموعی آبادی 23165 ہے۔

یہ مذکورہ بالا آبادی کے اخراج کے بعد پی پی 29 کی بقایا آبادی 3,85,093 رہ جائے گی اور اسمیں مندرجہ ذیل پٹوار سرکل شامل کئے جائیں۔

| نمبرشمار | پٹوار سرکل | آبادی |
|---|---|---|
| 1 | پٹوار سرکل صابووال 1 | 6029 |
| 2 | پٹور سرکل مچھیانہ | 7125 |
| 3 | پٹور سرکل موسیٰ | 2740 |

مندرجہ بالا دونوں پٹوار سرکل پی پی 29 کے ایریا سے گھرے ہوئے ہیں اور انتہائی ملحقہ ہیں اور قدرتی طور پر اس کا حصہ بھی بنتے ہیں۔ ان دونوں پٹوار سرکل کی پی پی 29 میں شمولیت سے اس حلقہ کی آبادی 4,00,987 ہو جائے گی جو گجرات کی اوسط آبادی فی حلقہ کے عین مطابق ہے۔

نوٹیفکیشن کے مطابق پی پی 29 کی آبادی 408258 ہے۔

2) پی پی 30 اور پی پی 32 میں مذکورہ بالا تبدیلی کے علاوہ مندرجہ ذیل پٹوار کا پی پی 32 میں انضمام ناگزیر ہے کیونکہ یہ پٹوار سرکل پی پی 30 کے باقی علاقہ سے ملحقہ نہ ہیں اور پی پی 32 کے پٹوار سرکل چھماں، پٹوار سرکل چک محمود، پٹوار سرکل خوجہ اور پٹوار سرکل مغلی کو پی پی 32 کے بقایا حلقہ سے ملاتے ہیں۔

| نمبرشما | پٹوار سرکل | آبادی |
|---|---|---|
| 1 | پٹوار سرکل سیکروالی | 6409 |
| 2 | پٹوار سرکل وڑائچانوالہ | 6035 |
| 3 | پٹوار سرکل مٹوانوالہ | 7625 |

تینوں پٹوار سرکل کی کل آبادی 20,069 ہے۔

اگر اس آبادی کو پی پی 32 میں شامل کیا جائے تو اس کی آبادی 3,84,493 ہو جائے گی اور اس میں مغلی پٹوار سرکل جس کی آبادی 5418 کو بھی خارج کر دیا جائے تو اس کی آبادی 3,78,995 ہو جائے گی۔ جو اوسط آبادی کے قریب ترین ہے۔ پی پی 32 کی بمطابق نوٹیفکیشن آبادی 364424 ہے۔

Ɯ (8)

پی پی 30 حلقہ بندی کے مطابق جس کی آبادی 3,92,212 ہے۔اس میں درج ذیل تبدیلیاں تجویز کی جاتی ہیں۔

(i) وہ پٹوار سرکل جنکا اخراج ہوگا۔

| نمبر شمار | پٹوار سرکل | آبادی |
| --- | --- | --- |
| 1 | سیکریالی | 6409 |
| 2 | مٹوانوالہ | 7625 |
| 3 | وڑائچانوالہ | 6035 |
| 4 | مچھیانہ | 7125 |
| 5 | موسیٰ | 2740 |

ان کی کل آبادی 29934 ہے۔

(ii) جن پٹوار سرکل کا اضافہ ہوگا۔

| نمبر شمار | پٹوار سرکل | آبادی |
| --- | --- | --- |
| 1 | سماں | 4571 |
| 2 | مراڑ پور | 2696 |
| 3 | علی پور | 5162 |
| 4 | معین الدین پور | 8085 |
| 5 | چوکنانوالی | 3435 |

اس طرح ان پٹوار سرکل کی کل آبادی 23949 ہے۔

اس طرح پی پی 30 گجرات III کی مجموعی آبادی 3,91,667 ہے۔جو اوسط آبادی فی حلقہ کے قریب ترین ہے۔پی پی 30 کی آبادی بمطابق نوٹیفیکشن 392212 ہے۔

نقشہ لف شدہ کے مطابق بھی تجویز کردہ حلقہ بندیاں پی پی 29 گجرات II، پی پی 30 گجرات III اور پی پی 32 گجرات V درست ہیں اور ضلع کی کسی بھی حلقہ بندی کو متاثر نہ کرتی ہیں

استدعا ہے کہ مندرجہ بالا تجاویز جو کہ بمطابق قانون ہیں، کو منظور فرما کر حتمی حلقہ بندی کا نوٹیفکشین جاری کیا جائے۔

عــــــــــــــــــرضــ

(1) عبدالرحمٰن ولد محمد مالک ساکن سماں، ڈاکخانہ موہلہ، تحصیل و ضلع گجرات، شناختی کارڈ نمبر 34201-6270335-1

(2) محمد افضل ولد محمد اکبر ساکن سماں، ڈاکخانہ موہلہ، تحصیل و ضلع گجرات، شناختی کارڈ نمبر 34201-0356795-3

رابطہ نمبر:

بذریعہ کونسل:

طارق سرمد ایڈووکیٹ ہائیکورٹ 0300-9627886

عبداللہ فیضان عاصف ایڈووکیٹ ہائیکورٹ 0346-6283369

K-5 ڈسٹرکٹ کورٹ گجرات۔ tariqsarmed26@gmail.com

بتاریخ مورخہ: 03-04-2018